بھیڑ کے چھ ماہ کے بچے کی قربانی ہو سکتی ہے کہ نہیں؟

مجیب: مولانا اعظم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2804

تاریخ اجراء: 15 ذوالحجۃ الحرام 1445 ھ / 22 جون 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بھیڑ کے چھ ماہ کے بچے کی قربانی کرنے کا کیا حکم ہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

دنبہ یا بھیڑ کا چھ ماہہ بچہ اگر اتنا بڑا ہو کہ اگر اسے سال والے جانوروں میں ملایا جائے تو دور سے دیکھنے میں سال بھر کا معلوم ہوتا ہو تو اوس کی قربانی جائز ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "لا تذبحوا الا مسنة الا ان یعسر علیکم فتذبحوا جذعة من الضان" ترجمہ: تم صرف مسنہ (یعنی ایک سال کی بکری، دو سال کی گائے اور پانچ سالہ اونٹ) کی قربانی کرو، ہاں اگر تم کو دشوار ہو، تو دنبے یا بھیڑ کا چھ ماہ بچہ ذبح کر دو۔ (صحیح مسلم، کتاب الاضاحی، باب سن الاضحیہ، ج 6، ص 77، مطبوعہ ترکیا)

سنن ابو داؤد، سنن نسائی اور سنن ابن ماجہ دیگر کتبِ حدیث میں حدیث پاک ہے، حضرت مجاشع بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: واللفظ للاول: "إن الجذع یوفي مما یوفي منه الثني" ترجمہ: بھیڑ کا جذع (چھ مہینے کا بچہ) سال والے کے قائم مقام ہے۔ (سنن أبي داود، الحديث 2799 ج 3، ص 96، المكتبة العصرية، بيروت)

بھیڑ یا دنبے میں بھی سال بھر کا دِکھنا ضروری ہے، چنانچہ در مختار میں ہے "(وصح الجذع) ذو ستة أشهر (من الضأن) إن كان بحيث لو خلط بالثنايا لا يمكن التمييز من بعد." ترجمہ: بھیڑ، دنبے کا چھ ماہ کا بچہ اگر اتنا بڑا ہو کہ اگر اسے سال والوں میں ملایا جائے تو دور سے دیکھنے میں سال والا لگے۔ (الدر المختار مع ردالمحتار، کتاب الاضحیة، ج 09، ص 533، کوئٹه)

محیط برہانی میں ہے "الجذع من الضان اذا كان عظيما، ومعناه انه اذا اختلط مع المثان يظن الناظر اليه انه ثني "ترجمہ: بھیڑ، دنبے کا چھ ماہ کا بچہ جبکہ بڑا ہو، اس سے مراد یہ ہے کہ جب اسے سال بھر والوں کے ساتھ ملا دیا جائے، تو دیکھنے والا دوندا (سال بھر کا) ہی گمان کرے۔ (محیط برھانی، کتاب الاضحیۃ، ج6، ص92، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net